Wahlaufruf für den Integrationsausschuss >

NEUSS.DE

انٹگریشن کے نمائندے کی انتخابات میں حصہ لینے کی درخواست

Neuss کےشہر کے مہاجرت کا گزشتہ رکھنے والے معزز باشندے

30 مئی 2021 کو انٹگریشن کمیٹی کا دوبارہ چناو ہوگا۔ اس کمیٹی میں نیوس شہر میں رہنے والے مہاجرین کی طرف سے ڈایریکٹ انتخاب کیئے گئے بارہ نمائندے اور چھ کونسل کے ممبران شامل ھیں۔ یہ کمیٹی پانچ سالوں کے لیئے منتخب کی جاتی ہے۔ اس کمیٹی میں ڈیموکریٹک طور پر منتخب کیئے گئے سارے ممبران برابر ھی سطح پر ایک دوسرے کے ساتھ مہاجرینو کے لیئے برابر چانسوں اور انکا مساوی طور پر زندگی میں حصہ لینے، انکی انٹیگریشن اور بہت ساری موجودہ معاشرتی اور سیاسی پیشرفتوں کے بارے میں معلوماتوں کا تبادلہ کرتے ھیں۔ یہ کمیٹی آپکے متعلق ھے، یہ آپ مہاجرین کو نیوس شہر کے باشندوں کی حیثیت سے موثر انداز سے نمایندگی کرتی ھے اور آپ کو اپنے مستقبل کو بنانے کے کاموں میں حصہ لینے کا موقع فراھم کرتی ھے۔

آپ کی ووٹ کا اثر بڑا ھے: آپ اپنے رائے دینے کے حق سے فائدہ اٹھا کر چناو میں حصہ لیں کیونکہ آپ اپنی ووٹ سے سیاسی معاملوں کے فیصلوں میں حصہ لیتے ھیں اور شہر کی سیاست کو تشکیل دینے میں مدد کرتے ھیں۔ ھماری ڈیموکراسی آپ کی طرف سے دی گئی ھر ایک ووٹ کی عنایت سے چلتی ھے ، اپنی ووٹ سے کام لیجیئے۔

ووٹینگ کہاں پر ھے اور میں کہاں ووٹ ڈال سکتا ھوں؟

دوبارہ انتخاب کے لئے نیوس کے شہری علاقے کو پانچ ووٹنگ ڈسٹرکٹ میں تقسیم کیا جائے گا ، اور چناو کے لئے انتخاب کیئے گئے اتوار کے دن ھر ڈسٹرکٹ میں ایک پولنگ اسٹیشن قائم کیا جائے گا جس میں ووٹ ڈالنے کے لیئے ایک بیلٹ باکس رکھی جائے گی۔ سارے پولنگ اسٹیشن بیریرفری ھیں یعنی کہ ان میں داخل ھونے میں کوئی رکاوٹ موجود نہیں ھے۔ آپ کو ووٹنگ کے لیئے کس پولنگ اسٹیشن جانا ھے، اس کا پتا آپکو آپکو بھیجے گئے دستاویزسے چلے گا۔

انٹیگریشن کمیٹی کے چناو میں ووٹ ڈالنے کا حقدار وہ شخص ھے

- جو جرمنی کے کنسٹیٹیوشن کے آرٹیکل 116 پیراگراف 1 کے مطابق جرمن نہیں ھے، یا یہ کہ وہ ایک اور غیر ملکی شہریت بھی رکھتا ھے،
- اسے جرمن ھونے کا حق شہریت عطا کیا گیا ھے یا یہ کہ
- اسنے جرمنی میں غیر ملکی والدین سے پیدا ھوئے بچے کی حیثیت سے جرمنی کی شہریت حاصل کی ھے، یعنی کہ اسکے والد یا اسکی والدہ کو کم از کم 8 سالوں سے جرمنی میں نارمل رھا ئشی اجازت نامہ یا لامحدود رھائشی اجازت نامہ ملا ھو۔

اس کے علاوہ چناو کے دن، 30 مئی 2021 کو

- ووٹ ڈالنے والے شخص کو 16 سال کی عمر کا ھونا چاھیئے یعنی کہ وہ 30 مئی 2005 سے پہلے پیدا ھوا ھو،
- کم از کم ایک سال سے قانونی طور پر جرمنی میں رہ رھا ھو،
- کم از کم چناو سے 16 دن پہلے وہ نیوس میں اپنا گھر یا ایک اپارٹمینٹ رکھتا ھو۔

غیر ملکی جنکو ووٹ ڈالنے کا حق نہیں ھے

- وہ پناھگزین ھیں یا
- جن پر رھائشی قانون کی دفعہ 1 پیراگراف 2 نمبر 2 اور 3 کے مطابق ووٹ ڈالنا لاگو نہیں ھوتا۔

ووٹ دالنے کے حقداروں کے نام خودبخود نیوس شہر کے انتخابی فہرست میں درج کیئے گئے ھیں اور 26 اپریل 2021 اور 5 مئی 2021 کے درمیان انہیں چناو کا اعلان مل جائے گا جس میں یہ ضروری معلوماتیں کہ وہ کس وقت ، کیسے اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ھیں، ھونگیں۔
جسے 9 مئی 2021 تک چناو کا اعلان نہیں ملتا اور وہ یقینی طور سے جانتا ھے کہ وہ ووٹ ڈالنے کا حقدار ھے تو وہ جلد از جلد نیوس کے انتخابی دفتر سے رابطہ قائم کرے۔ مزید معلومات (جیسے پوسٹ کے ذریعہ ووٹنگ) نیوس انتخابی پورٹل سے دستیاب کریں:
https://www.neuss.de/rathaus/wahlportal

آپکا

Deniz Elbir
نیوس شہر کا تنوع ، انٹیگریشن اور نسل پرستی کے خلاف کا نمائندہ

NEUE DEUTSCHE STADTGESELLSCHAFT

STADT NEUSS
Im Auftrag
Beauftragter für Diversität,
Integration und Antirassismus
Deniz Elbir M.A.
Markt 2
41460 Neuss
Tel.: 02131 90-5750
deniz.elbir@stadt.neuss.de

STADT NEUSS